روزے کے شرعی مسائل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

روزہ کا لغوی اور اصطلاحی معنی:

روزہ کو عربی زبان میں "صوم" کہتے ہیں، صوم کا لغوی معنی "امساک "یعنی" رکنے" کے ہیں، شرعی اصطلاح میں " صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے اور عمل مباشرت سے رک جانے کا نام روزہ ہے"۔

روزے کے فضائل:

(1) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان کا روزہ ایمان اور احتساب (حصول اجر و ثواب کی نیت) کے ساتھ رکھے، اس کے گزشتہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔(بخاری، رقم الحدیث:2014)

(2) حضرت ابو عبیدہؓ بیان کرتے ہیں: روزہ ڈھال ہے جب تک روزہ دار اس کو پھاڑ نہ دے۔(نسائی، رقم الحدیث:2237)

(3) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی ہر نیکی دس گنا سے سات سو گنا تک بڑھادی جاتی ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: سوائے روزے کے اس لیے کہ وہ میرے لیے خاص ہے، اور میں ہی اس کا بدلہ دوں گا...(ابن ماجہ، رقم الحدیث:1638)

بغیر عذر روزہ ترک کرنے پر وعید:

(1) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’جس نے بغیر کسی شرعی رخصت اور بغیر کسی بیماری کے رمضان کا کوئی روزہ نہیں رکھا تو پورے سال کا روزہ بھی اس کو پورا نہیں کر پائے گا چاہے وہ پورے سال روزے سے رہے‘‘۔(مشکوۃ، 1/177، قدیمی)

(2) ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس دو آدمی آئے، انہوں نے میرے بازوؤں سے مجھے پکڑا اور ایک خوفناک پہاڑ کے پاس لے آئے، کہنے لگے: اس پر چڑھیے، میں نے کہا: مجھ میں اتنی طاقت نہیں۔ انہوں نے کہا: ہم آپ کی مدد کرتے ہیں۔ میں اوپر چڑھ گیا اور پہاڑ کی چوٹی پر پہنچ گیا۔ اچانک میں نے شدید چیخ و پکار سنی، میں نے کہا: یہ کیسی آوازیں ہیں؟ انہوں نے کہا: یہ جہنمیوں کی آہ و بکا ہے، پھر وہ مجھے لے کر چل پڑے، میرے سامنے کچھ لوگ آئے جو الٹے لٹکے ہوئے تھے، ان کی باچھیں چیری ہوئی تھیں، ان

کی باچھوں سے خون بہہ رہاتھا۔میں نے پوچھا: یہ کون لوگ ہیں؟انہوں نے کہا: یہ روزے کا وقت ہونے سے پہلے ہی روزہ افطار کر لیا کرتے تھے...(السلسلہ الصحیحہ ،رقم الحدیث:1430)

1-روزے کی حالت میں انجکشن لگوانا کیسا ہے؟

انجکشن میں مسامات کے ذریعہ دوابدن میں پہنچائی جاتی ہے،منفذ کے ذریعہ سے نہیں،اس لئے روزہ فاسد نہیں ہوگا۔(شامی،2/395،ط:ایچ ایم سعید)

2-روزے کی حالت میں ڈرپ لگوانا۔

روزے کی حالت میں ڈرپ لگوانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا،البتہ روزے کی حالت میں صرف طاقت کے حصول کے لیے ڈرپ لگوانا،تاکہ روزہ محسوس نہ ہو، مکروہ ہے۔(شامی،2/395،ط:ایچ ایم سعید)

3-کیاانسولین لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

روزے میں انسولین انجکشن کے ذریعے لگانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔(شامی،2/395،ط:ایچ ایم سعید)

4-کیا روزے کی حالت میں آکسیجن (Oxygen) لینا جائز ہے؟

ایسی آکسیجن لیناجو خالص ہو،اوراس میں ادویات کے اجزاء شامل نہ ہوں،توایسی آکسیجن لینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا ہے،البتہ اگراس کے ساتھ دوا کے اجزاء بھی شامل ہوں،تواس سے روزہ ٹوٹ جائے گا۔(شامی،2/417،ط:ایچ ایم سعید)

5-کیا روزے میں انہیلر (Inhaler) استعمال کرنا جائز ہے؟

دمہ کے مریض کے لیے روزے کے دوران انہیلر استعمال کرنے سے روزہ فاسد ہو جائے گا، کیونکہ اس میں وینٹولین دواوغیرہ لیکویڈ (liquid) کی صورت میں ہوتی ہے،جو پمپ کرنے کی صورت میں اندر جاتی ہے،اور دوائی اندر جانے سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے۔(شامی،2/395،ط:ایچ ایم سعید:)

6-شوگر کے مریض کیلئے روزہ رکھنے کا حکم۔

اگر کوئی شخص شوگر(ذیابطیس) کی بیماری کی وجہ سے کمزور اور ضعیف ہو گیا ہے،اوراس کے لئے روزہ رکھنا مشکل ہے،تو بیماری کی وجہ سے رمضان کا روزہ نہ رکھنا جائز ہو گا،لیکن جب تک صحت کی توقع ہے،فدیہ دینا کافی نہیں ہو گا، صحت مند ہونے کے بعد قضالازم ہو گی،اوراگر

صحت کی امید نہیں،اور بیماری بھی ختم نہیں ہورہی،اور موت تک شفاہونے کی امید بھی نہیں،تواس صورت میں فدیہ دینادرست ہوگا۔
(فتاویٰ الھندیہ،1/307،ط:رشیدیہ)

7-آنکھ میں دوائی ڈالنا۔

روزے کی حالت میں آنکھ میں دوائی ڈالنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔(فتاویٰ تاتارخانیہ،2/366)

8-کان میں دوائی ڈالنا۔

روزہ کی حالت میں کان میں تردوائی ڈالنے سے روزہ فاسد ہوجاتاہے،اوراگرخشک سفوف اور پاؤڈروغیرہ بطوردواکان میں ڈالا جائےاوراندر تک پہنچ جائے،توروزہ فاسد ہوجائے گا،اوراگراندرتک نہیں پہنچا،توروزہ فاسد نہیں ہوگا۔(شامی،2/402،ط:ایچ ایم سعید)

9-ناک میں دوائی ڈالنا۔

ناک میں تردواڈالنے سے روزہ فاسد ہوجاتاہے،اگرناک میں خشک چیز ڈالی گئی،اوریقینی طورپراندرتک پہنچ گئی،توروزہ فاسد ہوجائے گا،ورنہ نہیں۔(شامی،2/402ط:سعید)

10-روزے کی حالت میں غلطی سے کھالینا۔

روزہ یاد تھااور غلطی سے مثلاًافطار کے وقت سے پہلے ہی افطار کاوقت سمجھ کر کھاناپیناشروع کردیایانہاتے ہوئے غلطی سے پانی حلق کے نیچے اتر گیا،اس سے روزہ فاسد ہوجائے گااور قضالازم ہوگی۔(ھدایہ،1/207،ط:رحمانیہ)

11-بھول کر کھالینا۔

اگرروزہ دار بھول کر کھاپی لے،تواس سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔(فتاویٰ الھندیہ،1/207،ط:رشیدیہ)

12-روزے میں خطا(غلطی)اورنسیان(بھول کر) کھانے پینے کافرق۔

خطامیں روزہ دار کواپناروزہ دارہونایادہوتاہے،اورفعل(پانی وغیرہ پینا)کاکوئی ارادہ نہیں ہوتا،جبکہ نسیان اس کے برعکس ہے کہ وہاں روزہ دار کواپناروزہ دارہونایادنہیں ہوتا،مگر فعل(پانی پیناوغیرہ)کاارادہ ہوتاہے۔(تفہیم الفقہ 2/316 مکتبہ النور)

13-بخار کی وجہ سے روزہ توڑنا۔

اگر بخار یا بیماری ایسی ہو کہ روزہ نہ توڑنے کی صورت میں جان کا خطرہ ہو، یا بیماری بڑھ جانے کا خوف ہو، تو ایسی حالت میں روزہ توڑنا جائز ہے، لیکن بعد میں اس کی قضا کرنا ضروری ہے۔(فتاویٰ الھندیہ، 1/207،ط: رشیدیہ)

14-سفر میں روزہ رکھنا۔

مسافر پر حالت سفر میں روزہ رکھنا فرض نہیں ہے، البتہ مسافر کے لیے بہتر یہ ہے کہ اگر مشقت و تکلیف نہ ہو، تو روزہ رکھ لے۔(شامی، 2/423،ط: ایچ ایم سعید)

15-سفر دوپہر کا ہو، تو کیا صبح سے روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے؟

جو شخص صبح صادق کے وقت سفر میں نہ ہو، اس آدمی کے لیے روزہ چھوڑنا جائز نہیں ہے، اگرچہ دن میں سفر کرنے کا پختہ ارادہ ہو، البتہ اگر سفر شروع کرنے کے بعد روزہ توڑ دیا، تو قضا لازم ہے، کفارہ نہیں۔(شامی، 2/431،ط: ایچ ایم سعید)

16-کیا خون نکلنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

روزے کے دوران جسم کے کسی سے بھی حصے سے خون نکلنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔(بدائع الصنائع، 2/92،ط: ایچ ایم سعید)

17-روزہ کی حالت میں قے ہونا۔

اگر روزہ کے دوران بلا اختیار اور بلا قصد خود بخود قے ہوگئی، تو روزہ فاسد نہیں ہوگا، چاہے قے تھوڑی ہو یا زیادہ۔ اگر اپنے اختیار سے قے کی، اور منہ بھر کر قے ہوگئی، تو روزہ فاسد ہو جائے گا، اور اگر منہ بھر کر قے نہیں ہوئی، تو روزہ فاسد نہیں ہوگا۔(شامی، 2/414،ط: ایچ ایم سعید)

18-روزہ کی حالت میں بے ہوشی طاری ہونا۔

اگر کوئی شخص رمضان کے مہینے میں کسی دن بے ہوش ہوگیا، تو جتنے دن بے ہوش رہا، اتنے دنوں کے روزے قضا کرے، البتہ جس دن بے ہوش ہوا تھا، اس ایک دن کی قضا واجب نہیں ہے، کیونکہ اس دن کا روزہ نیت کی وجہ سے درست ہوگیا، اگر اس دن کا روزہ ہی نہیں رکھا تھا، تو اس دن کی قضا بھی واجب ہے۔(بحر الرائق، 2/290، ایچ ایم سعید)

19-کیا مشت زنی سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے؟

روزہ کے دوران مشت زنی کرنے سے اگر انزال ہو گیا، تو روزہ فاسد ہو جائیگا، اس صورت میں روزہ کی قضاء ضروری ہے، کفارہ نہیں ہے۔(شامی، 399/2، ط: ایچ ایم سعید)

20-روزے کی حالت میں احتلام ہونا۔

اگر روزہ دار دن میں سویا اور احتلام ہو گیا، تو روزہ فاسد نہیں ہوا، بلکہ روزہ صحیح ہے، البتہ جتنی جلدی ہو سکے غسل کر لے، بلاوجہ غسل میں تاخیر نہ کرے، تاکہ روزے کا وقت زیادہ سے زیادہ پاکی میں گزرے۔(بحر الرائق، 272/2)

21-جماع (ہمبستری) سے روزہ ٹوٹنے کا حکم۔

رمضان کے روزے کے دوران جماع (ہمبستری) کرنے سے قضا اور کفارہ دونوں لازم ہیں۔(شامی، 2/409، ط: ایچ ایم سعید)

22-حیض، نفاس اور استحاضہ والی عورت کے لئے روزے کا حکم۔

واضح رہے کہ حیض اور نفاس کے دوران روزہ رکھنا جائز نہیں ہے، بلکہ بعد میں قضا کرنا لازم ہے، جبکہ استحاضہ کے دوران روزہ رکھنا لازم ہے۔(شامی، 1/298، ط: سعید)

23-روزہ میں غرغرہ کرنا۔

روزے کی حالت میں غسل کرتے وقت غرغرہ کرنے اور ناک کے نرم حصے میں پانی پہنچانے کا حکم نہیں ہے، تاکہ روزہ ٹوٹنے کا اندیشہ نہ ہو، لہذا روزے کے دوران غسل کرتے وقت غرغرہ نہ کریں۔(شامی، 1/116، ط: سعید)

24-روزے میں ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے نہانا، اور پیاس بجھانے کے لئے کلی کرنا۔

روزے میں گرمی کی وجہ سے نہانا یا پیاس بجھانے کے لئے کلی کرنا جائز ہے، البتہ اگر پانی حلق میں چلا گیا اور روزہ یاد تھا، تو روزہ فاسد ہو گیا، اور اس صورت میں قضا لازم ہے۔ کلی کرنے کے بعد منہ میں پانی کی جو تری باقی رہ جاتی ہے، اس کو نگل جانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا، مگر اس میں یہ شرط ہے کہ کلی کرنے کے بعد ایک دو مرتبہ تھوک منہ سے نکال دیا جائے، اس لیے کہ کلی کرنے کے بعد کچھ پانی باقی رہ جاتا ہے، لہذا ایک دو مرتبہ تھوک دینے کے بعد پانی باقی نہیں رہتا، بلکہ ہلکی سی تری رہ جاتی ہے، اس میں کوئی حرج نہیں۔(فتاویٰ الھندیہ، 1/202، ط: رشیدیہ)

25-روزہ میں مسواک اور ٹوتھ پیسٹ کرنے کا حکم۔

روزہ دار کے لیے روزے کے دوران مسواک کرنا جائز ہے، خواہ سوکھی مسواک ہو یا تازہ، اگرچہ مسواک کا کڑوا پن یا اس کا تیز ذائقہ منہ میں محسوس ہوتا ہو، تو اس سے بھی روزہ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، اور روزہ مکروہ بھی نہیں ہوگا۔ روزے کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ استعمال کرنا حلق میں اثرات جانے کے شک کی وجہ سے مکروہ ہے، اگر حلق میں ٹوتھ پیسٹ چلا گیا، تو روزہ فاسد ہو جائے گا۔ (شامی، 2/216، ط: ایچ ایم سعید)

26-روزے کی حالت میں تیراکی کرنا۔

روزے کی حالت میں سوئمنگ پول یا نہر وغیرہ میں غوطہ لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، بشرطیکہ پانی منہ یا ناک کے راستے سے حلق سے نیچے نہ اترے، ورنہ روزہ ٹوٹ جائے گا اور قضا لازم ہوگی، جو شخص تیراکی اچھی طرح نہ جانتا ہو، اس کے لیے روزے کی حالت میں پانی میں غوطہ لگانا مناسب نہیں ہے، کیونکہ پانی حلق کے راستے اندر جانے کا اندیشہ ہوگا۔ (شامی، 2/401، ط: ایچ ایم سعید)

27-روزے کی حالت میں دانت نکالنا۔

اگر روزے دار کو دانت نکالنے کی شدید ضرورت ہو، تو دانت نکالنا جائز ہے، البتہ اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ خون حلق سے نیچے نہ اترے، اس لیے روزے کے دوران دانت نہ نکالنا بہتر ہے۔ (شامی، 2/396، ط: ایچ ایم سعید)

28-روزے میں دانت سے خون نکلنا۔

روزے کے دوران اگر دانت سے خون نکلا اور تھوک کے ساتھ مل کر حلق کے اندر چلا گیا، تو دیکھا جائے گا کہ خون زیادہ ہے یا تھوک، اگر خون کی مقدار تھوک سے زیادہ یا برابر ہو، تو روزہ فاسد ہو جائے گا، اس صورت میں روزہ کی قضا ضروری ہے، اور اگر تھوک زیادہ ہو، تو روزہ فاسد نہیں ہوگا۔ (فتاویٰ الھندیہ، 1/203، ط: رشیدیہ)

29-سحری کھانا مسنون ہے۔

سحری کھانا مسنون ہے، حدیث شریف میں اس کی بڑی فضیلت آئی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہود و نصاریٰ اور ہمارے روزوں میں صرف سحری کا فرق ہے۔ (صحیح مسلم، 1/350، ط: قدیمی کتب خانہ)

30-جنابت کی حالت میں سحری کرنا۔

اگر کسی شخص پر غسل واجب ہو، اور وہ صبح صادق سے پہلے غسل نہ کر سکا، اور سحری کر کے روزہ رکھ لیا، تو اس کا روزہ درست ہے، ناپاک ہونے کی وجہ سے روزہ پر کوئی فرق نہیں پڑے گا، البتہ جلد از جلد غسل کر لینا چاہیے، غسل میں اتنی تاخیر کرنا کہ فجر کی نماز قضا ہو جائے، سخت گناہ کا باعث ہے۔ (فتاویٰ الھندیہ، 1/16، ط: رشیدیہ)

31-دوران اذان سحری جاری رکھنے کا حکم۔

سحری کا وقت صبح صادق تک ہوتا ہے، صبح صادق ہوتے ہی سحری کا وقت ختم اور فجر کا وقت داخل ہو جاتا ہے، لہذا سحری ختم کرنے کا معیار وقت ہے نہ کہ اذان، کیونکہ اذان مختلف مقامات پر دیر سویر سے دی جاتی ہے، اس لیے سحری کا وقت ختم ہوتے ہی کھانا پینا بند کرنا ضروری ہے، اذان کے دوران یا ختم ہونے تک کھانے پینے کو جاری رکھنا جائز نہیں ہے، لہذا جو آدمی رمضان المبارک میں فجر کا وقت داخل ہونے کے باوجود اذان کے دوران یا ختم ہونے تک کھاتا پیتا رہے، چاہے جان بوجھ کر یا لاعلمی میں، دونوں صورتوں میں ایسے شخص کا روزہ نہیں ہو گا، بلکہ اُسے بعد میں اس روزے کی قضا کرنا لازم ہو گی۔ (فتاویٰ الھندیہ، 1/194، ط: رشیدیہ)

32-دودھ پلانے والی عورت کے روزے کا حکم۔

اگر کسی بچے کو دودھ پلانا عورت کی ذمہ داری ہو، اور روزہ رکھنے کی صورت میں ماں یا بچے کے نقصان کا غالب گمان ہو، تو اس صورت میں روزہ نہ رکھنے کی گنجائش ہے، بعد میں قضا کرنا ضروری ہے۔ (شامی، 2/422، ط: ایچ ایم سعید)

33-دودھ پلانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

روزے کے دوران بچے کو دودھ پلانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا، کیونکہ دودھ پلانے سے کوئی چیز اندر نہیں گئی بلکہ باہر آئی ہے، اور کسی چیز کے باہر آنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا ہے۔ (بحر الرائق، 2/278، ط: ایچ ایم سعید)

34-روزے کی حالت میں حمل چیک کرانا۔

حمل کے ابتدائی ایام میں لیڈی ڈاکٹر بعض مرتبہ دستانہ پہن کر اور بعض مرتبہ دستانے کے بغیر حاملہ عورت کی شرمگاہ میں انگلی ڈال کر معائنہ کرتی ہے، اگر لیڈی ڈاکٹر شرمگاہ میں خشک دستانہ پہن کر یا خشک انگلی داخل کر کے معائنہ کرتی ہے، تو روزہ فاسد نہیں ہو گا، اور اگر گیلا دستانہ یا گیلی انگلی

شرمگاہ میں داخل کرے، یاایک مرتبہ خشک دستانہ یاخشک انگلی داخل کرنے کے بعد نکالے،اوراس پر کوئی رطوبت لگ جائے،اورپھروہ انگلی دوبارہ داخل کرے،تودونوں صورتوں میں روزہ فاسد ہوجائے گا۔(شامی،ج:2/297،ط:ایچ ایم سعید)

35-عورت کی بچہ دانی (Uterus) کی صفائی سے روزہ کا حکم۔

عورت کی بچہ دانی(Uterus) کی صفائی کے لیے لیڈی ڈاکٹرزوغیرہ جوآلات (instruments) استعمال کرتی ہیں،چونکہ انہیں اندرداخل کرنے کے بعد نکال لیاجاتاہےاوریہ چیزجوف میں پہنچ کرہمیشہ کے لیے نہیں ٹھہرتی،لھذااس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

انسانی جسم کے اندرونی معائنہ کے لیے جومختلف آلات مثلاً: برانکواسکوپ (Bronchoscope)، گیسٹرواسکوپ (Gastroscope)، پیشاب کی نالی (Catherter)، معدہ میں غذاپہچانے والی نالی (Rylestube)، وغیرہ داخل کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

یہ واضح رہے کہ خالی ان خشک آلات کے جوف میں داخل کرنے سے مذکورہ اصول کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا،لیکن اگران آلات کے ساتھ کوئی دوااستعمال کی گئی،جیساکہ عموماًویزلین (Vaseline) یاچکناہٹ وغیرہ استعمال کی جاتی ہے،توویزلین یاچکناہٹ کی وجہ سے روزہ ٹوٹ جائیگا، یااگریہ آلات خشک استعمال کیے گئے لیکن ایک مرتبہ داخل کرنے کے بعددوبارہ داخل کئے تب بھی روزہ ٹوٹ جائیگا۔کیونکہ اندرکی تری ان آلات پرلگ گئی جودوبارہ اندرداخل کرنے سے جوف میں پہنچ گئی،اس وجہ سے اس صورت میں بھی روزہ ٹوٹ جائے گا۔(تفہیم الفقہ 2/322 مکتبہ النور)

36-رمضان المبارک میں دن کے وقت ہوٹل کھولنا۔

رمضان المبارک کے احترام کی خاطردن کے وقت ہوٹل بندرکھناضروری ہے،خواہ کھانے پینے والے کسی بھی مذہب کے ہوں،یہ مبارک مہینہ شعائرللہ میں سے ہے،اورشعائراللہ کااحترام ضروری ہے،البتہ شام کوافطاری سے کچھ پہلے ہوٹل کھولنا،تاکہ لوگ افطاری کی چیزیں مثلاً پکوڑے، سموسے وغیرہ خریدکراپنے گھرلے جائیں،تواس میں کوئی حرج نہیں ہے۔(شامی،2/413،ط:ایچ ایم سعید)

37-جہازمیں افطاری کب کی جائے گی؟

جہازمیں پروازکے دوران افطارکرنے کاحکم جہازسے طلوع اورغروب کے نظرآنے کے اعتبارسے ہے،اگرزمین پرسورج غروب ہوچکاہو،مگر جہازکے افق سے غروب نہ ہواہو،توجہازوالوں کوروزہ کھولنے اجازت نہیں ہوگی،بلکہ جب جہازکے افق سے سورج غروب ہوگا،اس وقت افطار کی اجازت ہوگی۔(شامی،2/412،ط:ایچ ایم سعید)

38-کیا غیر غذائی چیزیں نگل لینے سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے؟

اگر کوئی ایسی چیز نگل لی، جس کو بطور غذا یا دوا کے نہیں کھایا جاتا، مثلاً کاغذ، گھٹلی وغیرہ، تو روزہ فاسد ہو گیا، اور صرف قضا واجب ہو گی، کفارہ نہیں، البتہ اگر روزے کی حالت میں حلق کے اندر بلا اختیار مکھی، دھواں یا گرد وغبار چلا گیا، اگرچہ معدہ میں پہنچ گیا، تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، کیونکہ ان اشیاء سے بچنا مشکل اور دشوار ہے، نیز یہی حکم اس صورت میں بھی ہے جب کوئی چیز پیسی جائے، یا دوا وغیرہ کوٹی جائے، اور اسکا غبار یا مزہ حلق میں محسوس ہو، تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (شامی، 2/395، ط: ایچ ایم سعید)

39-روزہ کا فدیہ۔

جو شخص بڑھاپے یا دائم المریض ہونے کی وجہ سے روزے رکھنے پر قادر نہ ہو، نہ ہی مستقبل میں اس کے صحت یاب ہونے کی کوئی امید ہو، تو ہر روزے کے بدلے میں پونے دو کلو گندم یا اس کی قیمت بطور فدیہ دے سکتا ہے، لیکن اس کے بعد اگر صحت یاب ہو گیا، تو دوبارہ قضا کرنا ضروری ہے۔ (فتاویٰ الھندیہ، 1/207، رشیدیہ)

40-روزہ کا کفارہ۔

ایک روزہ کا کفارہ ایک غلام آزاد کرنا ہے، اگر یہ ممکن نہیں تو ساٹھ روزے مسلسل رکھنا واجب ہے، اگر روزے رکھنے کی استطاعت بھی نہ ہو، تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلانا واجب ہے۔ (شامی، 2/412، ط: ایچ ایم سعید)

واللہ أعلم بالصواب